کیلگری پولیس کے ایک وفد کی حضور انور سے ملاقات

بعد ازاں کیلگری پولیس کے ایک وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت پائی۔

پولیس کے اس وفد میں Deputy Chief کیلگری Police Trevor Daroux صاحب Sat Parhar "Superintendent Police" صاحب، کانسٹیبل Dhaliwal صاحب اور کانسٹیبل مدثر رانا صاحب جو کہ احمدی دوست ہیں شامل تھے۔

ان سبھی پولیس افسران نے ملاقات کے لئے وقت دینے پر حضور انور کا شکریہ ادا کیا اور کیلگری آمد پر حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

حضور انور کے استفسار پر ڈپٹی چیف پولیس نے بتایا کہ ہم سارے کیلگری شہر کو Cover کرتے ہیں۔ کوئی خاص ایریا نہیں ہے بلکہ جہاں ضرورت ہو وہاں پہنچتے ہیں۔ کوئی علاقائی تقسیم نہیں ہے۔

❁...... **ڈپٹی چیف کے ایک سوال پر حضور انور نے فرمایا کہ** میرا کیلگری کا وزٹ بہت اچھا جارہا ہے۔

❁...... **ڈپٹی چیف** نے **عرض** کیا کہ حضور انور سے ملنا ہمارے لئے ایک بڑا اعزاز ہے۔ ہم حضور کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

❁...... **سپرنٹنڈنٹ پولیس Mr. Parhar نے کہا کہ** وہ حضور انور سے آج کی اس ملاقات کو کبھی نہیں بھولیں گے۔ میں نے حضور انور کی قائدانہ صلاحیتوں اور انتہائی اعلیٰ لیڈرشپ کے بارہ میں بہت کچھ سن رکھا ہے۔

❁...... **چیف پولیس نے کہا کہ** صرف ایک احمدی افسر اس وقت پولیس میں ہیں۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ اور بھی احمدی دوست پولیس میں آئیں۔ اس پر حضور انور نے احمدی پولیس افسر کو ہدایت فرمائی کہ وہ احمدی نوجوانوں کو قائل کریں کہ وہ پولیس میں جائیں۔

پولیس کی وفد کے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ ملاقات چھ بجکر پانچ منٹ پر ختم ہوئی۔ آخر پر حضور انور نے ان سبھی پولیس افسران کو کتاب World Crisis and The Pathway to Peace عطا فرمائی۔

ان سبھی احباب نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی بھی سعادت پائی۔